سوال

(61)جب دو شخص عمر اور جرم میں برابر ہوں تو انکی سزائیں کیوں فرق ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید اول آفرمنیش دنیا میں پیدا ہوا اور پچاس ساٹھ برس کی عمر کا ہو کے مرگیا اور عمرو وقوع قیامت سے پچاس ساٹھ برس پہلے پیدا ہوا اور اتنی ہی عمر پا کریہ بھی مرگیا اور دونوں گناہ میں برابر ہیں۔ لہذا اسلام کی رو سے زید کو قبر کا عذاب عمرو سے ہزاروں برس زیادہ دیا گیا حالانکہ جرم میں دونوں برابر ہیں۔ یہ کیوں ہے؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زید کو جتنا عذاب قبر قیامت سے پہلے ہوچکا ہے اسی قدر میدان محشر میں اور دوزخ میں عذاب کی تخفیف ہوجائے گی۔ یعنی زید کا عذاب ہلکا ہوگا اور عمر کا عذاب سخت ہوگا۔ آپ نے کمی بیشی عذاب صرف مدت کی کمی بیشی میں سمجھی ہے اس لیے اعتراض کیا ہے۔ حالانکہ نفس عذاب میں بھی تخفیف اور سختی کے لحاظ سے فرق پڑجاتا ہے۔ سو جتنی مدت زید کو زیادہ عذاب ہوا اسی اندازے پر عمر کا عذاب سخت ہوگا اور زید کا ہلکا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص138

محدث فتویٰ